18-07-2026

Time:12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

ایل جی حادثہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جکھینی ادھمپور میں ایک یاترا بس کو پیش آئے حادثے کے بعد صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر ادھمپورمنگا شیرپا اورگورنمنٹ میڈیکل کالج کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوننے حادثے میں زخمی افراد کی فوری صحت یابی کی دعا کی ہے۔

واضح رہے آج صبح یاترا قافلے میں شامل ایک گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس میں اتر پردیش سے تعلق رکھنے والے 5یاتری اور گاندربل سے تعلق رکھنے والا ڈرائیور زخمی ہوا ہے۔ سبھی زخمی افراد کو جی ایم سی ادھمپور منتقل کیاگیاہے جہاں وہ زیر علاج ہیں۔

JK4C

حکومت نے جمونو کشمیر میں سائبرجرائم سے نمٹنے اور سائبر سیکورٹی کو مزید مستحکم بنانے کے لئے ایک اہم پیش رفت کے تحت JK4C-یعنی جموں و کشمیر سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹرقائم کرنے کو منظوری دی ہے

محکمہ داخلہ کی طرف سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق یہ مرکز ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کی نگرانی میںایک خودمختار ادارے کے طور پر کام کرے گا۔23ضلعی سائبر پولیس اسٹیشن اور2زونل سائبر مراکز اس نئے ادارے کے ساتھ منسلک رہیں گے جن کا سربراہ IGP-رینک کا افسر بطور چیف ایگزیکٹو افسر ہوگا۔

یہ سنٹرمرکزی وزارت داخلہ کے انڈین سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر I4C کے ساتھ قریبی اشتراک میں کام کرے گا ،تاکہ اسے قومی سطح پر سائبر جرائم سے نمٹنے کے نظام کے ہم پلہ بنایا جا سکے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترادونوں روایتی راستوں پہلگام اور بالتل سے خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ کل شام تک لگ بھگ ساڑھے 3 لاکھ سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھامیں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

دریں اثنا آج مزید ....ہزار........یاتریوں نے شیولنگم کے درشن کئے ۔

ادھر 3ہزار632 یاتریوں پر مشتمل 17واں قافلہ آج وادی پہنچ گیا ۔

ستیش شرما

خوراک اور شہری رسد ات کے وزیرستیش شرما نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت شفاف، جوابدہ اور ترقی پر مبنی طرزِ حکمرانی کے لئے پُرعزم ہے جس میںیکسان تعمیر وترقی اور معاشرے کے ہر طبقے کی فلاح وبہبودکو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب چھمب میں 10 کروڑ روپے سے زائد لاگت کے متعدد اہم ترقیاتی منصوبوں کا اِفتتاح کیا اور سنگ بنیادرکھنے کے موقعے پر کیاہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر میں کار بار اور آسان طرز زندگی کو فروغ دینے کے لئے ملکی سطح پر کامیاب ثابت ہوئے بہترین حکمرانی کے ماڈل کو اپنانے پر زور دیا ہے ۔

وہ مختلف محکموں کے انتظامی سیکٹریوں اور متعلقہ محکموں کے سینئرافسران کی ایک اعلی سطح کی میٹنگ میں اظہارخیال کر رہے تھے۔

اس موقعے پر انہوں نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ خدمات کی فراہمی میں غیر ضروری ضوابط میں کمی لا کر اسے آسان بنائیں۔

بک فیسٹول

سرینگر مینجاری رہے گا۔SKICC چنار بک فیسٹیول کا تیسرا شمارہ آج سے 26جولائی تک

اس کتب میلے میں مختلف موضوعات کا احاطہ کرنے والی کتابوں کا ضخیم خزانہ فروخت کیلئے دستیاب رہے گا۔

فیسٹول میں ملک بھر سے پبلشرز اپنی خدمات دستیاب رکھتے ہیں۔

فوڈ سیفٹی

فوڈ سیفٹی محکمے نے جمونو کشمیربھرمیں اشیاءخورد نوش کے معیا رکوبرقرار رکھنے کے لئے مختلف مقامات پر بازاروں کا معائنہ کیا ۔جس دوران مختلف اشیاءکے نمونے حاصل کر کے ان کی جانچ کے لئے لیبارٹری بیچ دیا گیا۔

دریں اثنا صارفین سے کہا گیا ہے کہ وہ کسی بھی مشکوک یا غیر معیاری غذائی اجناس کی خرید و فروخت سے متعلق اطلاع محکمہ کے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر104 یا بذریعہ ای میل cfsjandk.fnd@jk.gov.in. دے سکتے ہیں

پارلیمنٹ

مرکزی حکومت نے پارلیمنٹ کے آنے والے مون سون اجلاس سے پہلے 19جولائی اتوار کو سیاسی پارٹیوں کے فلور لیڈرس کی میٹنگ طلب کی ہے۔ میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقے پر چلانے کی سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کریں گے۔

واضح رہے کہ پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس رواں مہینے کی 20تاریخ سے شروع ہوکر 13اگست کو اختتام کو پہنچے گا۔

ڈل تحفظ

لوک ٹاک ڈیولپمنٹ اتھارٹی امپھال منی پورہ کے ایک وفد نے پروجیکٹ ڈائریکٹر ہیسنام بال کرشنا کی قیادت مینجموں کشمیر لیک کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی سرینگر کا دورہ کیا۔

وفد نے ایل سی ایم اے کے وائس چیئرمین خورشید احمدشاہ سے ملاقات کی اور ڈل جھیل کے تحفظ سمیت دیگر کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔

ڈی سی گاندربل

ڈپٹی کمشنرگاندربل جتن کشور نے حضرت قمرالدین بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کاجائزہ لینے کی غرض سے افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

اس موقعہ پر ترقیاتی کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ عرس کے ایام کے دوران عقیدت مندوں کیلئے بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

یہ عرس ریشی پورہ سالورہ میں 21سے 25جولائی تک منائے جائے گا۔

کپوارہ ڈی سی

ڈپٹی کمشنر کپوارہ شری کانت سوسے نے ضلع میں آدھار سیوا کیندر کا افتتاح کیا۔ اس مرکز پر آدھار سے متعلق مختلف سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے عوام کو فراہم کی جائیں گی۔

اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر نے آدھار کے اندراج اور اپڈیٹ کے طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ